سوال

(315) مذاق اڑانے والے بھائی سے معاملہ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرا ایک بڑا بھائی ہے جو میرا بہت مذاق اڑاتا رہتا ہے۔ وہ میرے بارے میں کہتا ہے کہ میں منافق ہوں کیونکہ میں تنہائی میں اپنے کمرے میں گا بے سنتا ہوں۔ کچھ مدت کے بعد میں وسوسے میں بتلا ہو کر اس دین سے دور ہو جاؤں گا۔ میں نے اسے بہت سمجھایا کہ وہ ان باتوں سے باز آجائے مگر وہ نصیحت کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ میری راہنمائی فرمائیں کہ میں کیا کروں؟ جزاکم اللہ خیراً

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

واجب یہ ہے کہ آپ اس کے راہ راست پر آنے سے مایوس نہ ہوں۔ (دیکھا گیا ہے کہ) بہت سے لوگ ایسے تھے جن کے اعمال درست نہ تھے مگر پھر اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے انہیں ہدایت سے سرفراز فرمادیا' لہذا اپنے بھائی کو کثرت سے سمجھاتے رہیں۔ انہیں دینی موضوع پر کچھ کیسٹیں اور کتابیں بھی بطور تحفہ دے دیں شاید آپ کے ہاتھ سے اللہ تعالیٰ انہیں ہدایت فرمادے۔ حدیث سے ثابت ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا:

((لان یهدي الله بک رجلاً واحداً خیر لک من ان یکون لک حمر النعم)) (صحیح البخاري' فضائل اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم باب مناقب علی بن ابی طالب۔۔۔۔ الخ' ح: ۳۷۰۱ وصحیح مسلم' فضائل الصحابة' باب من فضائل علی بن ابہ طالب' ح: ٢٤٠٦)

''اگر آپ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ایک شخص کو بھی ہدایت عطا فرمادے تو یہ آپ کے لیے سرخ اونٹوں (کی دولت) سے بھی زیادہ بہتر ہے۔''

آپ انہیں بار بار سمجھاتے رہیں اور اس کی طرف سے پہنچنے والی اذیت پر صبر کریں جس طرح کہ حضرت لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا تھا:

يٰبُنَىَّ أَقِمِ الصَّلوٰةَ وَأمُر بِالمَعروفِ وَانهَ عَنِ المُنكَرِ وَاصبِر عَلىٰ ما أَصابَكَ إِنَّ ذٰلِكَ مِن عَزمِ الأُمورِ ١٧ ... سورة لقمان

''پیارے بیٹے! نماز کی پابندی رکھنا اور (لوگوں کو) اچھے کاموں کے کرنے کا امر اور بری باتوں سے منع کرتے رہنا اور جو مصیبت تجھ پر واقع ہو اس پر صبر کرنا۔ بے شک یہ بڑی ہمت کے کام ہیں۔''

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص243

محدث فتویٰ